میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعرات، 23 رجب، 1438ھ 20/04/2017 نمبر: PN17023

## کشمیر سے غداری کے خلاف مظاہرے

# حکمرانوں کی کرپشن میں "اکھنڈ بھارت" کی راہ ہموار کرنا بھی شامل ہے

مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے خلاف ہونے والے شدید مظالم میں اضافے، جس میں ایک کشمیری مسلمان کو انسانی ڈھال کے طور پر بھارتی فوج کی جیپ کے سامنے باندھنے اور کشمیری مسلمان نوجوانوں کو شدید تشدد کا نشانہ بنا کر پاکستان کے خلاف زبردستی نعرے لگانے پر مجبور کرنا بھی شامل ہے، اور بھارت اور مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے پاکستان کے حکمرانوں کے کرپٹ موقف اور عمل کے خلاف حزب التحریر ولایہ پاکستان نے مظاہرے کیے۔ مظاہرین نعرے لگا رہے تھے کہ، **"مسئلہ کشمیر مذاکرات سے نہیں پاک فوج کے منظم جہاد سے حل ہو گا"، "حکمران اکھنڈ بھارت اور کشمیر سے غداری کی راہ پر چل رہے ہیں"** اور **"مسلمانوں کی ڈھال، خلافت"**۔

مذاکرات امریکی منصوبے کا حصہ ہیں جس کا اعادہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کیا تا کہ کشمیر اور پاکستان کے مسلمانوں کی توجہ مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کی بھارت کے خلاف بہادرانہ اور جرات مندانہ جدوجہد سے ہٹ جائے اور بھارت کو حالات پر قابو پانے کا موقع مل جائے۔ اس کے علاوہ امریکی حمایت یافتہ مذاکرات کے ذریعے دیے جانے والے نام نہاد حل کا مقصد بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں استحکام فراہم کرنا ہے جو بھارت خود سے پچھلے 70 سالوں میں لڑ کر حاصل نہیں کر سکا۔ یہ امریکہ کا منصوبہ ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ خطے میں بھارت ایک بالا دست طاقت بنے تا کہ اسے اسلامی تحریکوں اور چین کے خلاف استعمال کیا جا سکے۔

سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے سے قطع نظر موجودہ سیاسی نظام اور قیادت کبھی بھی کشمیر کی آزادی کے لیے پاکستان کی افواج کو حرکت میں نہیں لائے گا۔ جب تک جمہوریت رہے گی، کرپشن بھی رہے گی کیونکہ کرپشن کی بنیاد اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات کو نظر انداز کرنا ہے۔ پاکستان کی افواج صرف خلافت راشدہ میں ہی حرکت میں آئیں گی کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے خلیفہ کو مسلمانوں کا امام اور ڈھال قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا،

**إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ فَإِنْ أَمَرَ بِتَقْوَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَلَ كَانَ لَهُ بِذَلِكَ أَجْرٌ وَإِنْ يَأْمُرْ بِغَيْرِهِ كَانَ عَلَيْهِ مِنْهُ**

"بے شک خلیفہ ہی ڈھال ہے جس کے پیچھے رہ کر لڑا جاتا ہے اور اسی کے ذریعے تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ اگر وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے ڈرے اور انصاف فراہم کرے، تو اس کے لیے اجر عظیم ہے؛ اور اگر وہ اس برخلاف کرے تو یہ اس کے لیے برا ہو گا" (مسلم)۔

لہٰذا نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے بعد خلیفہ راشد کشمیر، فلسطین اور تمام مقبوضہ مسلم علاقوں کی آزادی کے لیے مسلمانوں کی عظیم افواج کو حرکت میں لائے گا۔ تو پاکستان کے مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ حزب التحریر کی جدوجہد کا حصہ بنیں اور افواج پاکستان میں موجود مخلص افسران سے پاکستان میں خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ دینے کا مطالبہ کریں۔

## ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info